بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

86-مزنگ روڈ-لاہور

مراسلہ نمبر۔ 141 رجسٹریشن　　　　　　　　　　مورخہ 12-12-22

﴿نوٹیفکیشن﴾

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات
ملحقہ لاہور بورڈ

عنوان:۔ **آن لائن رجسٹریشن/شیڈول برائے گیارہویں جماعت (Class-XI) تعلیمی سیشن 2024-2022 بعداز اشاعت نتیجہ میٹرک دوسرا سالانہ 2022ء**

آپ کی اطلاع کے لئے تحریر ہے کہ **گیارہویں جماعت (Class-XI)** کی آن لائن رجسٹریشن/داخلہ کا درج ذیل شیڈول جاری کیا گیا ہے۔ جس میں رجسٹریشن فیس **مبلغ -/800 روپے** پروسیسنگ **فیس مبلغ -/395 روپے اور سپورٹس فیس مبلغ -/100 روپے** فی طالب علم/طالبہ مقرر ہے۔

سیریل نمبر	شیڈول	اداروں میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری، بینک میں فیس جمع کروانے کا آن لائن / کمپیوٹرائزڈ اصل بینک چالان اور انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع کروانے کی حتمی تاریخیں (الحاق لیٹر لازمی منسلک کریں)
(i)	انرولمنٹ/داخلہ برائے **گیارہویں جماعت (Class-XI)** بغیر لیٹ فیس	**19-دسمبر 2022ء تا 02 جنوری-2023ء**
(ii)	**-/500 روپے لیٹ فیس** فی طالب علم/طالبہ کے ساتھ **گیارہویں جماعت (Class-XI)** میں رجسٹریشن/داخلہ (لیٹ فیس بھی بورڈ کو لازمی واجب الادا ہو گی)	**03-جنوری 2023ء تا 12-جنوری-2023ء**
(iii)	اداروں میں درج بالا تاریخوں تک داخل کئے گئے طلباء و طالبات کی رجسٹریشن ریٹرن اصل مروجہ فیس فی طالب علم/طالبہ اور یومیہ جرمانہ **مبلغ -/500 روپے** فی گروپ/فی Batch کے ساتھ جمع کروانے کا معاملہ	**ایسے طلباء و طالبات جن کا داخلہ اداروں میں مقرر کردہ درج بالا شیڈول میں ہوا مگر رجسٹریشن ریٹرن آن لائن نہ ہو سکی/نہ ہی BATCH بن سکے/نہ ہی دفتر ہذا میں رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع ہوئی تو ان امیدواران کی رجسٹریشن ریٹرن اصل مروجہ فیس فی طالب علم/طالبہ کے علاوہ یومیہ جرمانہ مبلغ -/500 روپے فی BATCH/GROUP کے ساتھ امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ تین گنا فیس (Tripple Fee) شیڈول کی آخری تاریخ تک وصول کی جائے گی۔**

﴿ضروری نوٹ﴾ ناظرہ قرآن حکیم بمع ترجمہ تمام طلباء اور طالبات کیلئے بطور مضمون پڑھنا لازمی ہو گا۔

﴿ہدایات﴾

درج بالا تاریخوں کے بعد کسی بھی ادارے کو رجسٹریشن ریٹرن/داخلہ کی اجازت نہیں ہو گی۔ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس دونوں ہی درج بالا شیڈول ٹائم میں دفتر ہذا میں جمع کروانا لازمی ہے۔ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس میں سے کوئی ایک بھی دفتر ہذا میں جمع نہ کروانے کی صورت میں درج بالا شق نمبر (iii) کے تحت **فیس** و جرمانہ ادا کرنا ہو گا۔ رجسٹریشن ریٹرن **لیگل سائز (8.5 x 14)** صفحہ پر اور **لینڈ سکیپ (LANDSCAPE)** میں پرنٹ کریں۔ بصورت دیگر وصول نہیں کی جائے گی۔ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن سے متعلقہ ضروری رہنمائی بورڈ کی ویب سائیٹ (www.biselahore.com) پر بھی دستیاب ہے۔ **مینوئل (MANUAL)** رجسٹریشن ریٹرن ہرگز وصول نہیں کی جائے گی۔ **گیارہویں جماعت (Class-XI)** کی رجسٹریشن ریٹرن آن لائن کرتے وقت **طالب علم/طالبہ کے کوائف میٹرک کی سند/رزلٹ کارڈ/O-Level/ایکویلنس سرٹیفکیٹ کے مطابق اندراج کریں**۔ دفتر ہذا اداروں میں داخلہ حاصل کرنے والے کسی بھی **طالب علم/طالبہ کا اصل داخل خارج رجسٹر (Admission & withdral Register) ضرورت پڑنے پر ملاحظہ کے لئے منگوا سکتا ہے**۔ سربراہان اداہ جات سے گذارش ہے کہ مزید معلومات اور رہنمائی کے لئے **"کتابچہ" (BOOKLET)** میں درج ہدایات ملاحظہ کریں اور ان پر سختی سے عمل کریں۔ **"کتابچہ" (BOOKLET)** کی قیمت **مبلغ -/200 روپے** تمام ادارے جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔

بشریٰ بی بی